| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیت عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 8 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: میرا خاندان اور میرے دوست**

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ان کاموں کے متعلق بات چیت کر سکیں جو اُن کے والدین اپنے بچپن میں ان سے مختلف انداز میں کرتے تھے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف:

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں:

- ☐ خاندان سے کیا مراد ہے؟
- ☐ آپ کے خاندان میں کتنے افراد ہیں؟
- ☐ آپ اپنے بڑوں کا احترام کیسے کرتے ہیں؟

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 15 تا 16 کی سطریں "ایک دن میں اپنے ابو جان سے پوچھا۔۔ تن درست اور توانا رہتے تھے"، پڑھوائیں۔ طلبہ کی راہ نمائی کریں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو متن سے مثال دیں اور بتائیں کہ کچھ چیزیں ایسی ہیں جو ماضی میں استعمال ہوتی تھیں لیکن اب ان کی جگہ نئی چیزوں نے لے لی ہے۔ انھیں بتائیں کہ ماضی میں لوگ بہت سادہ زندگی گزارتے تھے جیسے:
  - ایک دوسرے کا احوال جاننے کے لیے رابطے کا ذریعہ خط تھا اب اس کی جگہ موبائل فون نے لے لی ہے۔
  - ماضی میں اتنی گاڑیاں نہیں تھیں اور طالبِ علم پیدل یا سائیکل پر اسکول جاتے تھے۔
  - معلومات حاصل کرنے کے لیے کتابیں پڑھی جاتی تھیں، انٹرنیٹ اور کمپیوٹر کی سہولت بھی نہ تھی۔
- مشینیں کم تھیں اور لوگ اپنا زیادہ تر کام اپنے ہاتھوں سے کرتے تھے۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کے ذریعے ماضی اور حال میں استعمال ہونے والی چیزوں کی تصاویر دکھائیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مشغلہ | مَش۔غَ۔لَہ | شغل / تفریح |
| سہولت | سَ۔ہُو۔لَت | آسانی |
| حال | حال | موجودہ زمانہ |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں: ماضی میں رابطے کا ذریعہ کیا تھا؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

استاد صاحب کی مدد سے ماضی میں سفر کے لیے استعمال ہونے والی سواریوں کے نام لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا خاندان اور میرے دوست |
|---|---|---|

**سوال 1: گزرے ہوئے زمانے میں استعمال ہونے والی چیزوں کو "ماضی" سے اور موجودہ زمانے میں استعمال ہونے والی چیزوں کو "حال" ملائیں۔**



| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 8 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: کھیل اور ورزش

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اپنے پسندیدہ کھیلوں کے نام بتا سکیں۔
- کھیلوں اور گروہی سرگرمیوں میں شرکت کر کے مل جُل کر کام کرنے کی اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کھیل انسانی زندگی کا لازمی حصّہ ہیں۔ یہ بچّوں کے ساتھ ساتھ بڑوں کے لیے بھی ضروری ہیں۔ کھیل سے نہ صرف ہمارے جسم اور دماغ کو سکون ملتا ہے بلکہ ہمارا جسم بھی تندرست رہتا ہے اور ہم بہت سی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 18 کھولنے کی ہدایت دیں اور صفحے پر موجود متن پڑھائیں مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں دنیا میں بہت سے کھیل کھیلے جاتے ہیں تختہ تحریر پر مختلف کھیلوں کے نام لکھیں:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہاکی | کرکٹ | فٹ بال | بیڈمنٹن | والی بال |

- طلبہ سے پوچھیں انھیں کون سے کھیل پسند ہیں؟
- انھیں بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو مل جُل کر کھیل کھیلنے کی اہمیت بتائیں جیسے:

* مل جُل کر کھیل کھیلنے سے آپس میں لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا۔ *ایک دوسرے کے لیے احترام بڑھتا ہے۔

* مل جُل کر کھیلنے سے ہمارے اندر اچھے اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔

## مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مفید | مُ۔فید | فائدہ دینے والا |
| چُست | چُ۔س۔ت | پُھرتیلا |
| تروتازہ | تَرو۔تازہ | مستعد،تازہ دم |
| سرگرمی | سر۔گرمی | کوشش |

## اعادہ: 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

## جائزہ: 6منٹ

سرگرمی کا سوال (الف) سے طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپی پر لکھوائیں۔

## گھر کا کام: 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

## سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ

کمرا جماعت میں ساتھیوں سے اپنے پسندیدہ کھیل کے بارے میں گفتگو کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:_____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: کھیل اور ورزش |
|---|---|---|

**سوال نمبر1: تصویروں کو متعلقہ کھیلوں سے ملائیں۔**



کرکٹ



فٹ بال



ہاکی



والی بال



بیڈ منٹن



ٹیبل ٹینس

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: کھیل اور ورزش

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- کھیل کے قوانین کی تعریف کر سکیں اور ان پر عمل کرنے کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- کھیلتے وقت کھیل کے قوانین کو جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں:

الف: آپ کو کون سا کھیل پسند ہے؟

ب: مل جُل کر کھیل کھیلنے کے کیا فائدے ہیں؟

طلبہ کو بتائیں کھیل کے بغیر ہماری زندگی ادھوری ہے کھیل ہمارے جسم میں چُستی اور پُھرتی پیدا کرتے ہیں۔ انھیں بتائیں کہ کھیل کے دوران جن باتوں پر عمل کیا جاتا ہے وہ کھیل کے قوانین کہلاتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 19 کی سطریں "کھیلتے وقت بہت سی باتوں۔۔۔۔۔ لڑائی جھگڑے سے بچا جا سکتا ہے" پڑھوائیں۔ پڑھائی میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں کھیل نہ صرف تفریح کا ذریعہ ہیں بلکہ یہ ہمارے اندر نظم و ضبط اور اتفاق و محبت کا جذبہ بھی پیدا کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کھیل کھیلتے وقت جن باتوں پر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے انھیں کھیل کے اصول کہا جاتا ہے۔
- انھیں بتائیں مل جُل کر کھیلنے کے دوران درج ذیل باتوں پر عمل کرنا ضروری ہے:

☐ کھیلنے کے دوران اپنی باری کا انتظار کرنا چاہیے۔

☐ دوسروں کو دھکّا نہیں دینا چاہیے۔
☐ ایمانداری سے کھیلنا چاہیے۔
☐ کھیل میں ہار کو خوش دلی سے قبول کرنا چاہیے کیونکہ ہار جیت کھیل کا حصّہ ہے۔

- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ بھی کھیل کے دوران ان باتوں پر عمل کرتے ہیں؟ ان کے جواب توجّہ سے سنیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اُصول | اُ۔صُول | طور طریقہ |
| قبول | قَ۔بُول | ماننا |
| لطف | لُطف | مزہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سرگرمی (ا) کے سوال (ب) اور (ج) طلبہ سے کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ اپنے پسندیدہ کھیلوں کے اُصول کے بارے میں گفتگو کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| سبق: کھیل اور ورزش | مضمون: واقفیتِ عامہ | نام:________________ |
| --- | --- | --- |

سوال نمبر 1: اپنے پسندیدہ کھیل کا نام لکھیں اور بتائیں کہ آپ کو یہ کھیل کیوں پسند ہے؟